AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD

SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE

CLASS IX EXAMINATION

APRIL/ MAY 2019

Ethics Paper II

Time: 1 hour 30 minutes   Marks: 30

April/ May 2019
Teaching for Learning only

ہدایات

درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1۔ آپ اپنا نام اور اپنے اسکول سے متعلق کوائف کو غور سے پڑھیے اور اگر وہ درست ہیں تو دستخط کیجیے۔

میں تصدیق کرتا/کرتی ہوں کہ میرا اور میرے اسکول کا نام درست ہے۔ **امیدوار کے دستخط**

خصوصی ہدایت

2۔ اس پرچے میں کل **سات** سوالات ہیں۔ تمام سوالوں کے جوابات دیجیے۔ سوال نمبر 7 میں **دو** انتخاب دیے گئے ہیں۔ ان میں سے کوئی **ایک** حل کیجیے۔

3۔ اپنے جوابات لکھتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیے:

ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

اپنا جواب تحریر کرنے کے لیے سیاہ روشنائی کا استعمال کیجیے۔ اپنے جوابات تحریر کرتے وقت پنسل کا استعمال نا کیجیے۔

شکل کے لیے سیاہ پنسل استعمال کیجیے۔ رنگین پنسل ہرگز استعمال نا کیجیے۔

کسی بھی قسم کی پِن، گوند یا سیاہی مٹانے والی کوئی بھی چیز استعمال نا کیجیے۔

اپنا جواب صرف دی گئی سطور میں مکمل کیجیے۔ صفحے کے چوکھٹے (باکس) کے باہر کچھ نا لکھیے۔

4۔ ہر سوال کے نمبر قوسین () میں دیے گئے ہیں۔

سوال۔1 (کل 5 نمبر)

(الف) معاشرے بنیادی طور پر کچھ لو اور کچھ دو کے اُصول پر کام کرتے ہیں۔ با الفاظِ دیگر شراکت داری انسان کو ورثہ میں ملی ہے۔ شدید ضرورت کے وقت کسی ضرورت مند کو کچھ دینے سے آپ اچھے کاموں کے سلسلے کو شروع کرتے ہیں، جس کا صلہ آپ کو کسی نہ کسی صورت میں ضرور ملتا ہے۔ جسمانی اور مادی چیزوں کے ذریعے بھی باہمی مدد دی جا سکتی ہے، لیکن وسیع معنوں میں جذباتی اور اخلاقی مدد بھی دی جا سکتی ہے۔ شراکت داری معاشرے میں بامعنی تعلق کو فروغ دیتی ہے۔

درج بالا اِقتباس کی روشنی میں دیے گئے سوالوں کے جوابات تحریر کیجیے۔

i۔ لوگ کس طرح اپنی مدد کے امکانات کو بڑھا سکتے ہیں جب اُنھیں مدد کی ضرورت ہوتی ہے؟ (1 نمبر)

ii۔ وہ کون سے دو عوامل ہیں جو ظاہری اور مادّی اشیاء کے علاوہ معاشرے میں تقسیم کی جا سکتی ہیں؟ (2 نمبر)

iii۔ اِس اقتباس کا مرکزی خیال یہ ہے کہ شراکت داری معاشرے میں بامعنی تعلق کو فروغ دیتی ہے۔

اپنی زندگی سے کوئی ایک مثال تحریر کیجیے جو اِس خیال کی حمایت کر سکے۔ (2نمبر)

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔2 (کل 4 نمبر)

خدا کی صفت 'قادرِ مطلق' کو بیان کیجیے اور جواب میں ایک مثال بھی لکھیے۔

سوال۔3 (کل 4 نمبر)

'زندگی کا مقصد کسی بھی طرح مدد کرنا ہے، تاکہ چیزوں کو بہتر کیا جائے'۔ رابرٹ ایف کینیڈی

درج بالا بیان کی روشنی میں اپنی زندگی کے کسی ایسے **چار** مقاصد کی نشان دہی کیجیے، جس کا تعلق اس بیان سے ہو۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال-4 (کل 4 نمبر)

احمد ایک ملٹی نیشنل کمپنی میں کام کرتا ہے۔ وہ اہم پروجیکٹس کا انچارج ہے۔ اُسے رشوت دی گئی کہ وہ ایک دس منزلہ عمارت بنانے کی اجازت دے۔ احمد نے اُس کی اجازت دے دی، تاہم دو سال بعد وہ عمارت منہدم ہو گئی۔

دیے گئے بیان کے مطابق ایسے **چار** مختلف طریقے تجویز کیجیے، جن کی مدد سے احمد کو اس غلطی کا جرمانہ ادا کرنا پڑے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

سوال۔5 (کل 4 نمبر)

ایسے **چار** طریقے بیان کیجیے، جن میں اِقدار معاشرے میں اپنا کردار ادار کرتے ہیں۔

سوال۔6 (کل 4 نمبر)

ایسے **چار** اجزا کی نشان دہی کیجیے، جو ایک شخص کی عزّتِ نفس میں کردار ادا کرتے ہیں۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

براہِ کرم صفحہ الٹیے

سوال۔7 (کل 5 نمبر)

(الف) تناسخ (reincarnation) کیا ہے؟ تناسخ کے طریقہ کار میں کرما (Karma) کے تصوّر کی وضاحت کیجیے۔

یا

(ب) ایسے **پانچ** طریقے بیان کیجیے، جس سے ایک مال دار شخص غریب لوگوں کی مدد کر سکتا ہے۔

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

اختتام

Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only

Please use this page for rough work

April/ May 2019
for
Teaching & Learning only